
Jubilee
FAMILY TAKAFUL



# جوبلی مستحکم پلان

بہتر طرزِ زندگی، استحکام کے ساتھ

Jubilee Life Insurance Company Limited-Window Takaful Operations

زندگی بڑی حیرت انگیز ہے۔اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ ہم اس وقت کیسی زندگی گزار رہے ہیں،ہم غیر یقینی صورتِ حال سے نہیں بچ سکتے۔اگر چہ اس غیر یقینی صورتِ حال کے باوجود بھی ہم ایک بھر پور طرزِ زندگی کے خواہاں ہیں۔ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے خاندان کو محفوظ مستقبل کے ساتھ ہر آسائش حاصل ہو۔

ایک مثالی صورتِ حال میں، جہاں آپ کے پیارے معاشی طور پر آپ پر انحصار کرتے ہیں، آپ پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ آپ اس بات کو یقینی بنائیں کہ خدا نخواستہ اگر کسی ناگہانی واقعے کی وجہ سے آپ اپنے پیاروں کے درمیان موجود نہ ہوں تو اُن کی بہترین دیکھ بھال ہو سکے۔لہٰذا اس غیر یقینی صورتِ حال پر قابو پانے اور اپنے خاندان کو کسی مالی بوجھ کا سامنا کرنے سے بچانے کے لیے کسی بھی غیر متوقع واقعات کی منصوبہ بندی کرنا ضروری ہے۔

یہاں ہم آپ کی مدد کریں گے۔جوبلی لائف انشورنس آپ کے لیے لایا ہے 'جوبلی مستحکم پلان '، ایک ایسا معاون بچت پلان جو کسی سانحے کے وقت آپ کے خاندان کو مالی بوجھ سے بچانے کے لیے وہ سیکیورٹی فراہم کرتا ہے جس کی آپ کو ضرورت ہے۔

## پروڈکٹ کی خصوصیات

- اپنے تحفظ میں اضافے کے لیے کسی بھی اضافی اختیاری فوائد کا انتخاب
- اپنے فنڈز کی جزوی یا کُلی طور پر جمع شدہ کیش ویلیو نکلوانے کی سہولت
- اپنے پاس موجود اضافی بچت سے سرمایہ کاری میں اضافہ
- **پارٹیسپیٹ ممبر شپ دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر ممبر شپ کو منسوخ کروا سکتا ہے۔**

## تکافل کیا ہے؟

''تکافل'' عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ''باہم ایک دوسرے کا ضامن بننا'' ہے۔یہ ایک برادری تنظیمی نظام ہے۔اس کے تحت پارٹیسپنٹس ضرورت کے موقع پر مشترکہ فنڈ سے ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں جو بھائی چارہ اور باہمی تعاون کے اصولوں کی بنیاد پر مبنی ہے۔

یہ نظام مندرجہ ذیل اصولوں پر کام کرتا ہے:

1۔ پارٹیسپنٹس '' تبرع'' کی بنیاد پر ایک دوسرے کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھنے کیلئے وقف پول میں ایک مقرّرہ رقم ادا کرتے ہیں جسے ''کنٹری بیوشن'' کہا جاتا ہے اور اس فنڈ کو ''وقف فنڈ'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

2۔ ونڈو تکافل آپریٹر بحیثیت وکیل بڑی جاں فشانی اور حکمت کے ساتھ وقف فنڈ کا انتظام و انصرام کرتا ہے جسے انفرادی فیملی تکافل شرکاء فنڈ (IFTPF) کہتے ہیں۔

3۔ کلیمز کی ادائیگی انفرادی فیملی تکافل شرکاء فنڈ (IFTPF) سے کی جاتی ہے۔

4۔ اضافی رقم ہونے کی صورت میں موجود رقم کی تقسیم شریعہ ایڈوائزر اور ونڈو تکافل آپریٹر (WTO) کے مقرر کردہ ایکچوری کی منظوری سے کی جاتی ہے۔

## فیملی تکافل پلان کیا ہے؟

فیملی تکافل پلان باہمی تعاون، استحکام اور معاشرے کی بھلائی کے لئے شرعی اصولوں کی مدد سے ترتیب دیا جاتا ہے۔

تکافل کے زیر انتظام، افراد اکٹھے ہوتے ہیں اور باہمی تعاون کی بنیاد پر خطرہ بانٹ کر مالی نقصانات سے ایک دوسرے کو بچانے کے مشترکہ مقصد میں شراکت کرتے ہیں۔

## اہلیت
اگر آپ کی عمر 18 سے 65 سال کے درمیان ہے تو آپ جوبلی مستحکم پلان حاصل کرسکتے ہیں۔

## مدت
دستیاب مدت کی رینج 10 سے 25 سال ہے،اس شرط کے ساتھ کہ میچورٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہو۔

## مستحکم پلان کے فوائد

- **انتقال ہوجانے کی صورت میں**

ممبر شپ کی مدت کے دوران انتقال ہوجانے کی صورت میں نامزد شدہ شخص کو کور ہونے والی رقم (Sum Covered) یا جمع شدہ کیش ویلیو (Accumulated Cash Value)، جو بھی زیادہ ہو، ادا کی جائیگی۔ اس پلان کے تحت پیش کیے جانے والے کور ملٹیپلز کی رینج 5-25 ہے، لہٰذا آپ کی کور ہونے والی رقم (Sum Covered) آپ کے سالانہ بنیادی کنٹری بیوشن کا 5 سے 25 گنا ہوسکتی ہے جوکہ انڈر رائٹنگ کے نتائج پر منحصر ہے۔

مثال کے طور پر اگر آپ کا سالانہ بنیادی کنٹری بیوشن 250,000 روپے ہے اور آپ نے 5 کے کور ملٹیپل کا انتخاب کیا ہے تو آپ کی کور ہونے والی مجموعی رقم (Total Sum Covered) ہوگی:

250,000 x 5 = *1,250,000 روپے

*پارٹیسپنٹ کے پاس موجود کور ملٹپلز کی رینج، کور ڈ ہونے والی زندگی کی عمر کے اندراج اور انڈر رائٹنگ کے نتیجے کے ساتھ تبدیل ہوتی رہتی ہے۔

- **تکمیل مدت کے فوائد**

آپ پلان کی میچورٹی کے وقت پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA) میں جمع شدہ رقم وصول کریں گے۔ مزید تفصیلات کے لیے آپ ہمارے تکافل کنسلٹنٹ سے مشورہ کرسکتے ہیں۔

## اختیاری فوائد
جوبلی مستحکم پلان ایک ایسا لچک دار پلان ہے جو آپ کی ضروریات کے مطابق آپ کو اضافی اختیاری فوائد حاصل کرنے کا اختیار دیتا ہے۔

- **ضمنی تکافل فائدہ برائے حادثاتی موت**

انتقال کی صورت میں بیسک پلان ڈیتھ بینیفٹ کے علاوہ آپ کی جانب سے منتخب کردہ کسی ایک فرد یا کئی افراد کو، ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

- **ضمنی تکافل فائدہ برائے خطرناک امراض**

بیان شدہ اٹھارہ (18) شدید بیماریوں میں سے کسی ایک بیماری کی تشخیص ہونے پر یہ ضمنی تکافل فائدہ بنیادی پلان کے تحت کور ہونے والے بینیفٹ کو بڑھا دیتا ہے۔

- **ضمنی تکافل فائدہ برائے مکمل اور مستقل معذوری**

مکمل طور پر مستقل معذور ہونے کی صورت میں یہ ضمنی تکافل فائدہ بنیادی پلان کے تحت کور ہونے والے بینیفٹ کو بڑھا دیتا ہے۔

- **حادثاتی موت یا کوئی عضو کٹ جانے کی صورت میں ضمنی تکافل فائدہ**

کسی بھی حادثے کے نتیجے میں آپ کی موت ہوجانے یا جسم کا کوئی عضو کٹ جانے کی صورت میں یہ ضمنی تکافل بینیفٹ زخم کی شدت اور نوعیت کی مناسبت سے آپ کو جزوی یا مکمل فوائد کی ادائیگی کرتا ہے۔

- **ضمنی تکافل فائدہ برائے معافی اقساط**

خدانخواستہ اگر آپ چھ (6) ماہ سے کسی ایسی بیماری اور معذوری میں مبتلا ہیں کہ آپ اپنے روزگار پر یا کسی دیگر روزگار پر جو آپ کے علم، تربیت یا تعلیمی اہلیت کے مطابق موزوں ہو، نہ جا سکتے ہوں تو آپ کو کنٹری بیوشن ادا کرنے کی چھوٹ ہوگی اور آپ کا کنٹری بیوشن، کنٹری بیوشن کی اگلی واجب الادا تاریخ سے جوبلی فیملی تکافل ادا کرے گا۔

- **فیملی انکم ضمنی تکافل فائدہ**

کور ہونے والے شخص کی افسوس ناک موت واقع ہونے کی صورت میں جوبلی مستحکم پلان آپ کو فیملی انکم بینیفٹ کا آپشن فراہم کرتا ہے جو اس بات کی یقین دہانی کراتا ہے کہ مستقبل میں آپ کے خاندان کو فراہم کی جانے والی ایک محفوظ آمدنی کے ذریعے آپ کا خاندان بہتر معیارِ زندگی برقرار رکھے گا۔

- **جوبلی میڈی پال ضمنی تکافل فائدہ**

کسی ایسی بیماری یا حادثے کی صورت میں جس کے نتیجے میں اسپتال میں داخل ہونا پڑے، یہ ضمنی فائدہ پالیسی ہولڈر کے اِن پیشنٹ کے اخراجات کے لیے 250,000 روپے کی سالانہ حدتک کوریج کے ساتھ مالی تحفظ فراہم کرتا ہے۔ مزید برآں، پالیسی ہولڈر کے پاس یہ اختیار بھی ہوگا کہ وہ اپنی بیوی/اپنے شوہر کے لیے میڈی پال کا انتخاب کر سکے۔

پارٹیسپنٹ کو کسی بھی منظور شدہ اسپتال میں کوئی ادائیگی کیے بغیر پرائیویٹ روم کے ساتھ ساتھ معیاری طبّی خدمات کی سہولیات حاصل ہوں گی۔

مزید تفصیلات کے لیے، براہِ مہربانی "جوبلی میڈی پال ضمنی تکافل فائدہ" کا علیحدہ کتابچہ ملاحظہ کریں۔

## کنٹری بیوشن پیمنٹ

اس پلان کے تحت کم از کم سالانہ ادائیگی 250,000 روپے ہے۔

## کنٹری بیوشن ایلوکیشن

جوبلی مستحکم پلان میں آپ کی طرف سے دیئے جانے والے کنٹری بیوشنز کو درج ذیل جدول کے مطابق مختص کیا جائے گا:

| ممبر شپ کا سال | ایلوکیشن % |
|---|---|
| پہلا سال | 63% |
| دوسرا سال | 96% |
| تیسرا سال اور اُس کے بعد | 100% |

ممبر شپ کے 5,7,10,15,20 اور 25 ویں سال 100% سے زائد جتنا بھی بونس ہوگا آپ اس سے فائدہ حاصل کر سکیں گے جیسا کہ درج ذیل جدول میں دکھایا گیا ہے:

| ممبر شپ کا سال | *بونس ایلو کیشن % |
|---|---|
| پانچواں سال | 3% |
| ساتواں سال | 7% |
| دسواں سال | 15% |
| پندرہواں سال | 20% |
| بیسواں سال | 25% |
| پچیسواں سال | 30% |

*پارٹیسپنٹ ممبر شپ ڈاکیومنٹ میں بیان کردہ شرائط وضوابط سے مشروط۔

## شریعہ کمپلائنٹ فنڈز

ایسے فنڈز جہاں شریعت کے اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کی جاتی ہے جس میں اسلامک ایکوٹیز، صکوک، اسلامک ٹرم سرٹیفکیٹس، اسلامک میوچل فنڈز اور اسلامی بینکنگ انسٹی ٹیوشنز (IBIs) وغیرہ شامل ہیں۔ شریعہ کمپلائنٹ فنڈز، ربا (سود)، قمار (جوا)، غرر (دھوکا) جیسی خرابیوں سے پاک ہیں۔

## ہمارے شریعہ ایڈوائزر

ہماری تمام پروڈکٹس ایک ماہر باصلاحیت شرعی ایڈوائزر کی زیرنگرانی شریعت کے اصولوں کے مطابق منظور شدہ ہوتی ہیں۔ اسکے علاوہ ایک انٹرنل شریعہ کمپلائنٹ ڈپارٹمنٹ سرمایہ کاری اور آپریشنل مسائل کے لیے شریعت کے اصولوں کے مطابق راہنمائی اور حل فراہم کرتا ہے۔

ونڈو تکافل آپریٹر کے شریعہ کمپلائنس کو مزید مستحکم کرنے کے لئے ایکسٹرنل شریعہ آڈٹ بھی کیا جاتا ہے۔

## میری جانب سے جوبلی مستحکم پلان میں دیے گئے کنٹری بیوشنز کو جوبلی فیملی تکافل کس طرح استعمال کرے گا؟

اس پلان کے شرکاء کی جانب سے کی گئی کنٹری بیوشنز کی رقم سے درج ذیل کسی ایک یا دونوں شریعہ کمپلائنٹ فنڈز میں سرمایہ کاری کی جائے گی:

- **فیملی تکافل انکم فنڈ**

  فیملی تکافل انکم فنڈ شریعہ کمپلائنٹ گورنمنٹ سیکیورٹیز اور اسلامی بینک کے آلات میں سرمایہ کاری کر کے درمیانی سے طویل مدتی تک کم رسک کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ اس فنڈ کی درجہ بندی کم درجے کے رسک پروفائل والے فنڈ کے طور پر کی گئی ہے۔

- **فیملی تکافل بیلنسڈ فنڈ**

  فیملی تکافل بیلنسڈ فنڈ شریعہ سے مطابقت رکھنے والے آلات کی وسیع رینج کے متوازن پورٹ فولیو کے ساتھ سرمایہ کاری پر مسابقتی منافع فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ اس فنڈ کی درجہ بندی درمیانے درجے کے رسک پروفائل والے فنڈ کے طور پر کی گئی ہے۔

آپ کے کنٹریبیوشن کو بطور ڈیفالٹ فیملی تکافل انکم فنڈ جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز میں مختص کیا جائے گا جو درمیانی مدت سے طویل مدتی تک، مختلف شرعی مطابقت رکھنے والے سیکیورٹیز کے متنوع پورٹ فولیو میں بشمول منی مارکیٹ اور ڈیبٹ انسٹرومنٹ سرمایہ کاری کر کے کم سے کم خطرہ کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرتا ہے۔ اس کی ایکویٹی سیکیورٹیز میں کوئی سرمایہ کاری نہیں ہے۔

تاہم، آپ کے پاس اعلانیہ فارم پر دستخط کر کے ڈیفالٹ انویسٹمنٹ فنڈ کے علاوہ اپنی پسند کے کسی بھی فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا اختیار ہے۔ ان فنڈز کا انتظام ماہر انوسمنٹ منیجرز کے ذریعہ شریعہ ایڈوائزر کی رہنمائی میں کیا جاتا ہے تا کہ سخت شرعی تعمیل کے تحت قابل انتظام اور برداشت خطرے کے ساتھ مطلوبہ منافع کو یقینی بنایا جا سکے۔

منصوبے کی مدت کے دوران آپ کے کنٹری بیوشن سے سرمایہ کاری کے منافع حاصل ہوں گے۔ منتخب شدہ مدت کے اختتام پر، آپ کو اپنی جمع شدہ نقد قیمت یکمشت میں مل جائے گی۔

نوٹ: ان فنڈز کی ماضی کی کارکردگی لازمی طور پر ان فنڈز میں سے کسی کی مستقبل کی کارکردگی کی ضمانت نہیں ہے۔

جوبلی لائف فیملی تکافل کے فنڈز کی یونٹ کی قیمتیں باقاعدگی سے معروف روزناموں میں، جوبلی لائف فیملی تکافل کی ویب سائٹ:
www.jubileelife.com پر شائع ہوتی ہیں۔

## انفلیشن کا سامنا

انفلیشن کی صورت میں آپ کے پاس آپکی ممبرشپ میں انڈیکسیشن کے انتخاب کی سہولت موجود ہے۔ اس آپشن کے انتخاب کی صورت میں آپ کے کنٹری بیوشن میں ونڈو تکافل آپریشنز WTO کی جانب سے معیّن کی جانے والی ایک حد تک ہر سال از خود اضافہ ہوتا رہے گا۔ تاہم آپ کو یہ حق ہے کہ آپ چاہیں تو انڈیکسیشن کو منسوخ کردیں۔

## کیا ضرورت کے وقت جوبلی مستحکم پلان سے جمع شدہ نقد رقم نکلوائی جاسکتی ہے؟

جی ہاں! جوبلی مستحکم پلان سے جزوی یا کُلی طور پر نقد رقم نکالنے کی سہولت موجود ہے۔

- **پلان سے جزوی دست برداری**

اگر آپ کسی اچانک درپیش ضرورت کی وجہ سے کیش نکلوانا چاہتے ہیں لیکن ممبرشپ کو سرینڈر نہیں کرنا چاہتے تو آپ کم سے کم نکالی جانے والی رقم کی حد تک رقم نکلوا سکتے ہیں بشرطیکہ رقم نکلوانے کے بعد آپ کے PIA میں 250,000* روپے موجود ہوں۔ جزوی طور پر رقم نکلوانے کے باوجود بھی آپ تکافل کور کی وصولی جاری رکھ سکیں گے۔ حالانکہ جزوی طور پر رقم نکلوانے کی وجہ سے خطرے میں برقرار رکھنے کے لیے آپ کی کور ہونے والی رقم کے اندر کمی ہوجائے گی۔ جزوی رقم حاصل کرنے کی سہولت ممبرشپ کے پہلے سال کی کنٹری بیوشن کی مکمل ادائیگی کی صورت میں ہوگی۔

*بقیہ قیمت تبدیلی سے مشروط ہے اور جوبلی لائف انشورنس-ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے اس پر نظرثانی کی جاسکتی ہے۔

- **پلان سے مکمل دست برداری**

آپ کسی بھی وقت اپنے پلان سے مکمل طور پر دست بردار ہوسکتے ہیں۔ مکمل دستبرداری کے وقت آپ کو فنڈ میں موجود نقد رقم ادا کردی جائے گی تاہم اگر ممبرشپ کے ابتدائی سالوں میں مکمل دستبرداری کی گئی تو کیش ویلیو کم ہوسکتی ہے۔

## جوبلی لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز قیمتوں کے تعین کے لئے کس طریقہ کار کی پیروی کرتی ہے؟

جوبلی لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز فارورڈ یونٹ کی قیمتوں کے تعین طریقہ کار کی پیروی کرتی ہے۔ یہ فنڈ میں سرمایہ کاری کی کل قیمت کو قیمتوں کے تعین کی تاریخ کے مطابق فنڈ میں فعال اکائیوں کی تعداد سے تقسیم کرکے تیار کیا جاتا ہے۔

## منافع کی تقسیم

جوبلی مستحکم پلان اپنے پارٹیسپنٹس کو صرف خطرات سے تحفظ ہی فراہم نہیں کرتا بلکہ IFTPF میں بچ جانے والی رقم (سرپلس) بھی پیش کرتا ہے۔ یہ پارٹیسپنٹ کو پیش کی جانے والی ایک منفرد خصوصیت ہے۔ جو پارٹیسپنٹ ایک رقم (عطیہ) بطور تبرع کنٹری بیوشن ادا کرے گا وہ وقف فنڈ سے ممکنہ سرپلس کی وصولی کا اہل ہو سکتا ہے۔ اگر بیان کردہ مدت کے اختتام پر کلیمز اور دیگر لاگت کی ادائیگی کے بعد اضافی رقم بچ گئی تو وہ درج ذیل مقاصد کے لیے استعمال کی جائے گی۔

1. فنڈ کا ایک حصہ وقف پول کو مستقبل میں مستحکم کرنے کے لئے مختص کیا جائے گا تا کہ آئندہ آنے والے بڑے کلیمز کی ادائیگی میں سہولت ہو۔

2. باقی موجودہ رقم (سرپلس) پارٹسپنٹس میں منصفانہ طور پر تقسیم کی جاسکتی ہے۔

بچ جانے والی اضافی رقم (سرپلس) کسی بھی صورت میں ونڈو تکافل آپریٹر کی ملکیت نہیں ہوگی بلکہ یہ بڑے پیمانے پر ہمیشہ پول اور عوام کے مفاد میں استعمال کی جائے گی۔

## جوبلی مستحکم پلان میں کون سی فیسوں کا اطلاق ہوگا؟

مذکورہ بالا پلان میں درج ذیل فیسوں کا اطلاق ہوگا:

| وکالتہ الاستثمار* (درج ذیل پر مشتمل ہے) | |
|---|---|
| ابتدائی چارج | 5% بڈ آفر اسپریڈ |
| ایلوکیشن فیس | ریگولر بیسک کنٹری بیوشنز جو پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ PIA میں مختص نہیں ہوئے ہوں۔ |
| انویسٹمنٹ منیجمنٹ فیس | سالانہ 1.5% نیٹ ایسٹ ویلیو PIA کا حصہ ہو۔ |
| ایڈمنسٹریشن فیس* | ہر ماہ 270 روپے۔ |
| منتقلی فیس | ممبرشپ سال میں چار مرتبہ سے زائد ہر مرتبہ 500 روپے چارج ہوں گے۔ |
| تکافل کنٹری بیوشن | SECP سے منظور شدہ اصولوں کے مطابق PIA اکاؤنٹ سے کنٹری بیوشن کی کٹوتی ہوگی اور IFTPF میں منتقل ہوگی، اور تحفظاتی فوائد کی ادائیگی IFTPF سے کی جائیگی۔<br>• ہر تکافل کنٹری بیوشن کا 40% پارٹیسپنٹ ممبرشپ ڈاکیومنٹ میں موجود تفصیلات کے مطابق فوائد کی ادائیگی کے لئے مختص ہوگا۔<br>• ہر تکافل کنٹری بیوشن کا 40% ضمنی تکافل فوائد کے دستاویزات میں موجود تفصیلات کے مطابق ضمنی تکافل فوائد کی ادائیگی کے لئے مختص ہوگا۔ |
| IFTPF سے وصول کی جانے والی وکالہ فیس* | IFTPF سے وکالہ فیس کے طور پر کٹوتی کی جاتی ہے۔ |
| مضارب شیئر*<br>سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والی آمدنی کے ذریعے کنٹری بیوشن | ونڈو تکافل آپریٹر (مضارب)، IFTPF (رب المال) کی سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والے منافع میں مضاربہ کی بنیاد پر 60% کا حقدار ہوگا۔ |
| کنٹری بیوشن ایلوکیشن چارج | کنٹری بیوشن مختص کا حساب لگایا جاتا ہے۔ کیونکہ کنٹری بیوشن کا سو فیصد سال کے لیے مختص کردہ کنٹری بیوشن کا کم فیصد وصول کرتا ہے۔ |

*ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے اس میں تبدیلی بھی کی جاسکتی ہے۔

## فری لُک پیریڈ

جوبلی مستحکم پلان آپ کو آفر کرتا ہے 14 دن کا فری لُک پیریڈ جس میں آپ پلان کی تمام شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور اگر چاہیں تو ممبرشپ ختم کر سکتے ہیں۔ اگر ممبرشپ دستاویزات کی رسید کے 14 دن کے اندر تحریری درخواست موصول ہوجاتی ہے تو آپ کا کنٹری بیوشن واپس کر دیا جائے گا۔

جوبلی فیملی تکافل آپ کے طبّی یا مالیاتی ایگزامنیشن پر ہونے والے اخراجات (اگر کوئی ہیں)، اور ممبر کی جانب سے IFTPF میں کسی بھی تکافل کنٹری بیوشنز کی ادائیگیوں کی کٹوتی کر سکتا ہے۔

## اظہار لاتعلقی

- یہ پروڈکٹ جوبلی لائف- ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے تحریر کی گئی ہے۔ این بی پی اعتماد یا اُس کا کوئی ملحقہ ادارہ نہ ہی اس پروڈکٹ کی ضمانت دیتا ہے اور نہ ہی اس کا تحفظ کرتا ہے، اور نہ ہی یہ بینک کی پروڈکٹ ہے۔
- **یہ ایک فیملی تکافل پروڈکٹ ہے جس کے دو الگ الگ عناصر ہیں یعنی تکافل پروٹیکشن اور انویسٹمنٹ۔ سرمایہ کاری کا جز یونٹ سے منسلک فنڈ (فنڈز) کے تحت بنیادی اثاثوں کی کارکردگی سے منسلک ہے۔**
- ضروری نہیں ہے کہ جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز فنڈز کی ماضی کی کارکردگی، مستقبل کی کارکردگی کی رہنمائی کرے۔ ضروری نہیں ہے کہ کی گئی پیش گوئی، مستقبل کی یا اس طرح کے فنڈز کی کارکردگی کی نشان دہی کرے اور نہ ہی ونڈو تکافل آپریٹر اور نہ ہی این بی پی اعتماد اس کے لیے کسی بھی طرح ذمہ دار ہوں گے۔
- تکافل کنسلٹنٹ کی جانب سے فوائد کی ایک ذاتی السٹریشن فراہم کی جائیگی۔ از راہ کرم السٹریشن میں دی گئی تمام تفصیلات اور مختلف شرائط وضوابط اچھی طرح سمجھ لیجے۔
- براہ کرم پارٹیسپنٹ ممبر شپ ڈاکیومنٹ (PMD) پر دی گئی تفصیلات اور مختلف شرائط وضوابط اچھی طرح سمجھ لیجے۔
- ممبر شپ حاصل کرتے وقت اگر پارٹیسپنٹ کی عمر قریب ترین تاریخ پیدائش پر 55 سال یا اس سے کم (جوبلی میڈی پال ضمنی تکافل فائدے کے علاوہ) ہو تو وہ ضمنی تکافل فوائد حاصل کرسکتا ہے۔
- این بی پی اعتماد، جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ- ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے بطور ڈسٹری بیوٹر کام کر رہا ہے اور کسی بھی شخص کے سامنے، بشمول لیکن گورڈ کسٹمر/ کسٹمرز، نامزد کنندہ/ کنندگان یا تھرڈ پارٹی تک محدود نہیں ہے، کسی بھی طرح سے، کسی بھی بات کا ذمہ دار نہیں ہے اور نہ ہوگا۔
- جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز IFTPF کی جانب سے اس تکافل کور کا انڈر رائٹر اور فراہم کنندہ ہے اور ممبر شپ کی خدمت، ملاجمنٹ، پروسیسنگ اور کورڈ کسٹمرز اور بینیفشریز کے کلیم کے تصفیہ کا ذمہ دار ہے۔
- سرمایہ کاری میں نقصان کے خدشات پارٹیسپنٹ برداشت کرے گا اور تکمیل مدت کے وقت یا ممبر شپ ختم کرنے کے وقت اصل رقم متوقع رقم کے مقابلے میں کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔ اگر پارٹیسپنٹ پہلے سے طے شدہ فنڈ کے علاوہ کسی اور فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کرتا ہے تو اس کے لیے اعلامیہ پر دستخط کرنا ضروری ہے۔
- از راہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لئے جوبلی لائف فیملی تکافل کی ویب سائٹ پر رجوع کریں۔
(https://jubileefamilytakaful.com/jubilee-family-takaful-funds/fund-manager-reports/)

## رابطے کی تفصیلات

مزید معلومات یا شکایات کی صورت میں درج ذیل پتے پر رابطہ کریں:


**جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ**

**ونڈو تکافل آپریشنز**

ہیڈ آفس: 74/1-A لالہ زار، ایم ٹی خان روڈ کراچی 74000، پاکستان۔

ٹیلی فون: 32120201, 35205094 (021)

فیکس: 35610959 (021)

یو اے این: 111-111-554، ایس ایم ایس: اپنا سوال لکھیں اور 8554 پر ارسال کریں۔

ای میل: info@jubileelife.com,complaints@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileefamilytakaful.com

# جوبلی فیملی تکافل ۔ جوبلی مستحکم پلان کی شرعی حیثیت

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر کی حیثیت سے، میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ جوبلی فیملی تکافل کا **جوبلی مستحکم پلان** وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔ میں نے اس سے متعلقہ تمام امور جس میں دستاویزی کاغذات بشمول ممبرشپ دستاویز کا بغور جائزہ لیا ہے مزید یہ کہ فیملی تکافل کی سرمایہ کاری اور اس سے متعلقہ تمام فنڈز کا جائزہ لیا ہے اور بحمداللہ ان تمام امور کو شریعت کے اصولوں کے مطابق پایا ہے۔

لہٰذا میری رائے میں جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے جوبلی فیملی تکافل **جوبلی مستحکم پلان** کی رکنیت لینا، وقف فنڈ میں تعاون کرنا اور اس سے فائدہ حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔

**مفتی ذیشان عبدالعزیز**
شرعی مشیر: جوبلی لائف انشورنس کمپنی ۔ ونڈو تکافل آپریشنز